537

آیت نمبر 16 تا 28 میں قریش سے خطاب اور انہیں فہمائش کہ اگر وہ شرک سے باز آجائیں تو ان پر نعمتوں کی بارش ہو گی۔ مشرکین کو انتباہ کہ رسول اللہ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) کا کام صرف اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہے، اس پر عمل نہ کرنے والے نافرمانوں کا ٹھکانہ جہنم ہو گا۔ قیامت کا علم صرف اللہ ہی کو ہے۔

وَّ اَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿١٦﴾
لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ اور میرے پاس یہ وحی بھی بھیجی گئی ہے کہ اگر لوگ سیدھی راہ پر
قائم ہو جاتے تو ہم انہیں وافر پانی سے خوب سیراب کرتے تاکہ ہم اس نعمت کے
ذریعہ ان کی آزمائش کریں یہ دنیاوی زندگی ایک امتحان ہے، یہاں ہر مصیبت اور ہر نعمت اللہ
ہی کی طرف سے ہے اور اس کا مقصد آزمائش ہی ہے وَ مَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ
يَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿١٧﴾ اور جو شخص اپنے رب کے ذکر سے منہ پھیر لے گا تو
اللہ اسے نہایت سخت عذاب میں مبتلا کر دے گا وَّ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا
تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿١٨﴾ اور یہ بھی وحی کی گئی ہے کہ مسجدیں صرف اللہ ہی کے
لئے مخصوص ہیں، پس مسجدوں میں اللہ کے سوا کسی اور کو نہ پکارو وَّ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ
عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿١٩﴾ اور یہ کہ جب اللہ کا یہ بندہ
مسجد میں صرف اللہ ہی کی عبادت کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو لگتا ہے کہ یہ لوگ اُس پر
ٹوٹ پڑیں گے، رسول اللہ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم) جب مسجد الحرام میں قرآن پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے
تو انہیں تنگ کرنے کے لئے مشرکین کا ایک جم غفیر جمع ہو جاتا تھا رکوع [1] قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا
رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿٢٠﴾ اے نبی (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم)! آپ ان سے کہہ دیجئے کہ میں تو

صرف اپنے رب کو پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا قُلْ اِنِّيْ لَآ
اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا رَشَدًا ﴿٢١﴾ آپ کہہ دیجئے کہ میں تمہارے لئے نہ کسی
نقصان کا اختیار رکھتا ہوں نہ کسی بھلائی کا قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ وَّ
لَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٢﴾ آپ کہہ دیجئے کہ نہ تو کوئی مجھے اللہ کی گرفت
سے بچا سکتا ہے اور نہ میرے لئے اللہ کے سوا کوئی جائے پناہ ہے اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ
اللّٰهِ وَ رِسٰلٰتِهٖ ؕ البتہ میرا کام اللہ کے احکامات اور اس کا پیغام لوگوں تک پہنچا دینا
ہے وَ مَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ
اَبَدًا ﴿٢٣﴾ اب جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو بلاشبہ اس کے
لئے جہنم کی آگ ہے، ایسے لوگ ہمیشہ ہمیشہ اس آگ میں رہیں گے حَتّٰۤى اِذَا
رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّ اَقَلُّ عَدَدًا ﴿٢٤﴾
یہاں تک کہ جب یہ لوگ اس عذاب کو دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے
تو اس وقت انہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس کے مددگار کمزور ہیں اور کون تعداد میں
کم ہے قُلْ اِنْ اَدْرِيْۤ اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْۤ اَمَدًا ﴿٢٥﴾
اے پیغمبر (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)! آپ کہہ دیجئے کہ میں نہیں جانتا کہ جس عذاب کا وعدہ تم سے
کیا جا رہا ہے وہ قریب ہے یا میرا رب اس کے لیے کوئی دور کی مدت مقرر فرماتا ہے
عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿٢٦﴾ وہی غیب کا جاننے والا ہے اور وہ
اپنے غیب کے علم سے کسی کو آگاہ نہیں کرتا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ

يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ مِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿٢٧﴾ ہاں مگر اپنے کسی برگزیدہ پیغمبر
کو، تو انہیں اس طرح اطلاع دیتا ہے کہ اس وحی کو لانے والے فرشتوں کے آگے اور
پیچھے محافظ فرشتے بھیج دیتا ہے لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَ اَحَاطَ
بِمَا لَدَيْهِمْ وَ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿٢٨﴾ اور یہ انتظام اس بات کو یقینی بنانے
کے لئے کیا جاتا ہے کہ پیغام پہنچانے والے فرشتے اپنے رب کا پیغام اس کے رسول
تک بحفاظت پہنچا دیں اور اللہ ان پہرہ داروں کے تمام احوال کا احاطہ کئے ہوئے ہے
اور اس نے تو ہر چیز کو فرداً فرداً شمار کر رکھا ہے رکوع [٢]

[# 537]

Verses 16 to 28 address the Quraysh, advising them that if they abandon polytheism, blessings will be showered upon them. The polytheists are warned that the duty of the Messenger of Allah [peace be upon him] is only to convey Allah's message; those who do not act upon it and remain disobedient will have Hell as their abode. The knowledge of the Hour [the Day of Judgment] rests with Allah alone.

وَّ اَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِیْقَةِ لَاَسْقَیْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾

لِّنَفْتِنَهُمْ فِیْهِ ؕ

And [this revelation has been sent to me]: 'If people [of Makkah] had remained steadfast on the straight path, We would have provided them abundant water to drink - so as to test them with it.'

[This worldly life is a test. Every hardship and every blessing comes from Allah alone–and its purpose is only to test us].

وَمَنْ یُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ یَسْلُكْهُ عَذَابًا صَعَدًا ﴿۱۷﴾

And whoever turns away from the remembrance of his Lord, He will cause him to enter a severe punishment [of Hellfire].

وَّ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾

And [it has been revealed to me] that the mosques are dedicated [for the worship] of Allah alone—so do not call upon anyone [in worship] besides Allah.

وَّ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾ رکوع [۱]

And when [Muhammad] the servant of Allah stands in the mosque, worshipping Allah alone, it seems as if they [who disbelieve] would almost swarm over him.

قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾

[O Prophet!] Say to them: 'I invoke only my Lord, and I do not associate anyone [as partner] with Him.'

قُلْ اِنِّیْ لَاۤ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّ لَا رَشَدًا ﴿۲۱﴾

Say: 'I possess no power to harm you nor to guide you to the right path'

قُلْ اِنِّیْ لَنْ یُّجِیْرَنِیْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ۬ وَّ لَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ
مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾ۙ

Say : Indeed, [if ever I were to disobey Him] No one can protect me from Allah, nor can I find any refuge except with Him.'

اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِسٰلٰتِهٖ ؕ

Indeed, my duty is only to convey Allah's commands and His message to the people.

وَ مَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ
اَبَدًاؕ۝۲۳

And whoever disobeys Allah and His Messenger, then indeed for him there is the Fire of Hell–they will abide therein forever.

حَتّٰۤى اِذَا رَاَوْا مَا یُوْعَدُوْنَ فَسَیَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ
نَاصِرًا وَّ اَقَلُّ عَدَدًا۝۲۴

Until, when they [who disbelieve] see the punishment they were promised, they will realize whose supporters are weaker and fewer in numbers.

قُلْ اِنْ اَدْرِیْۤ اَقَرِیْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ یَجْعَلُ لَهٗ رَبِّیْۤ
اَمَدًا ﴿۲۵﴾

[O Prophet!] Say: 'I do not know whether the punishment promised to you is near or if my Lord has set a distant time for it.'

عٰلِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْهِرُ عَلٰى غَیْبِهٖۤ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

[He alone is] the Knower of the unseen, and He does not disclose His unseen to anyone.

اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ یَسْلُكُ مِنْۢ بَیْنِ یَدَیْهِ وَ
مِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾

Except for one among the messengers with whom He is well pleased: then He appoints angel-guards before him and behind him.

لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ وَ اَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ
وَ اَحْصٰى كُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ رکوع [۲]

So that He would know that the angel-messengers have delivered the message of their Lord [safely to His Prophet]. Though He [Himself] encompasses all that is with them, and He has enumerated all things in number.